## سوال

(13) ایک عورت عرصہ طویل بیمار رہ کر فوت ہوگئی     الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت عرصہ طویل بیمار رہ کر فوت ہوگئی اس کے بال زیر ناف کے متعلق کیا حکم ہے، مونڈنے چاہیے یا اسی طرح دفن کر دیں، مرد، عورت دونوں کے متعلق وضاحت فرما دیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ویسے ہی دفن کر دینا چاہیے، کیوں کہ مرنے کے بعد اعمال ختم ہو جاتے ہیں۔ صرف غسل پر اکتفا کرنا چاہیے ((إذا مات الانسان انقطع عمله الا من ثلاث)) ''جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے عمل کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ صرف تین چیزیں باقی رہ جاتی ہے۔'' صدقہ جاریہ، اور نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرے اور علم جو چھوڑ جائے، اگر یہ امر ضروری ہو جائے تو شارع سے اس کا ثبوت ہونا چاہیے۔ صرف مالکیہ کے ہاں یہ جائز ہے۔ اور باقی تین ائمہ اس کے قائل نہیں۔ (دیکھو فقہ المذاہب الاربعہ) (الاعتصام جلد نمبر ۲۰ ش نمبر ۳۸)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 46